تبصرے

اسلام کا نظامِ عدل - تقطیع کلاں۔ کتابت وطباعت بہتر۔ ضخامت ۴۷۲ صفحات۔ قیمت مجلد مع گردپوش بتے چھ روپیہ۔ پتہ :۔ مرکزی مکتبۂ جماعتِ اسلامی ہند محلہ کشن گنج دہلی - ۶

الاستاذ سید قطب موجودہ مصر کے نامور عالم، مصنف اور ادیب ہیں۔ اب تک متعدد کتابیں تصنیف کرکے شائع کرچکے ہیں جنھیں مسلمانوں میں قبولِ عام حاصل ہے، انھیں میں ان کی ایک کتاب العدالۃ الاجتماعیۃ فی الاسلام" کے نام سے ہے۔ یہ کتاب ۱۹۴۹ء میں مکمل ہوئی تھی۔ عالمِ اسلام میں اس کی مقبولیت کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ چند برسوں ہی میں اس کے آٹھ تو ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ مصنف عالم ہونے کے ساتھ مفکر بھی ہیں اس لئے انھوں نے اس کتاب میں اسلام کے عدلِ اجتماعی کی اصل روح۔ مزاج اور اس کی بنیادوں پر گفتگو کرنے کے بعد عہد حاضر کے تہذیبی۔ اقتصادی اور سماجی مسائل ومعاملات کا ذکر کیا اور اور اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں اُن کا حل تلاش کرنا چاہا ہے۔ اگرچہ اس سلسلہ میں مصنف نے متعدد مواقع پر آج کل کی اصطلاح میں ترقی پسندانہ" رجحانات کا اظہار کیا ہے اور کہیں کہیں تو مثلاً انفرادی ملکیت کے باب میں یہ ترقی پسندی کمیونزم سے مصافحہ کرتی نظر آتی ہے۔ تاہم جو کچھ لکھا ہے مدلل لکھا ہے اور مصنف کا جذبۂ اقامتِ دین تو صفحہ صفحہ سے عیاں ہے ضرورت تھی کہ اس کا ترجمہ اُردو میں بھی ہو۔ خوشی کی بات ہے کہ اس اہم کام کو جناب نجات اللہ صاحب صدیقی ایم اے اُستاذ شعبۂ اقتصادیات مسلم یونیورسٹی علی گڈھ نے اس خوبی سے انجام دیا ہے کہ اس سے زیادہ کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ ترجمہ شگفتہ وسلیس اور رواں ہے۔ کہیں کہیں مختصر اختلافی یا توضیحی نوٹ بھی ہیں شروع میں مصنف کے مفصل حالات ہیں جو مستند ذرائع سے فراہم کرکے لکھے گئے ہیں امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کا مطالعہ کرکے لائق مترجم کی محنت اور اُن کے ذوق کی داد دیں گے۔

مقالاتِ سیرت - از ڈاکٹر محمد آصف قدوائی۔ تقطیع متوسط۔ کتابت وطباعت اعلیٰ۔ ضخامت